**11.03.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

Music

.........................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی ماریشس کا اعلیٰ ترین شہری اعزاز حاصل کرنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔ وزیر اعظم نے پورٹ لوئس میں بھارتی برادری سے خطاب کیا۔
- ☆ Morgan Stanley کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ عالمی تجارتی کشیدگی کے باوجود، بھارت اقتصادی ترقی کے حصول میں ایشیا میں بہترین پوزیشن میں ہے۔
- ☆ تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے راجیہ سبھا میں کہا ہے کہ بھارتیہ بھاشا پستک یوجنا کے تحت شیڈول میں شامل سبھی 22 زبانوں اور انگریزی کی نصاب کی کتابوں کو ڈیجیٹل بنایا جائے گا۔
- ☆ ایک پاکستانی ٹرین کے 450 سے زیادہ مسافروں کو بلوچستان کے Mach علاقے میں مسلح ملی ٹنٹوں نے یرغمال بنالیا ہے۔
- ☆ عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری 2025 نئی دلّی میں شروع ہوگئی ہے۔
- ☆ اور خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ کے، فائنل لیگ میچ میں رائل چیلنجرس بینگلورو اور ممبئی انڈینس کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### PM Modi- Award Mauritius

وزیر اعظم نریندر مودی، ماریشس کا اعلیٰ ترین شہری اعزاز،

Grand Commander of the Order of the Star and Key of the Indian Ocean

حاصل کرنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔ ماریشس کے وزیر اعظم ڈاکٹر نوین چندر رام غلام نے آج شام پورٹ لوئس میں بھارتی برادری کی ایک تقریب میں یہ اعلان کیا۔ اِس اعزاز کے ساتھ ہی جناب مودی کو حاصل بین الاقوامی اعزازات کی بڑھتی فہرست میں ایک اور اضافہ ہوگیا ہے اور اِن کی تعداد بڑھ کر 21 ہوگئی ہے۔

بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے ماریشس کا اعلیٰ ترین شہری اعزاز عطا کیے جانے پر ماریشس کی حکومت اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ نہ صرف اُن کو دیا گیا اعزاز ہے بلکہ بھارت اور

ماریشس کے درمیان تاریخی رشتے کی بھی عزت افزائی ہے۔

2100- PM Modi- Award Accept

جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان گہرے ثقافتی تعلقات، برادری کی گرمجوشی کی بدولت نمایاں ہے۔ اس دوران وزیر اعظم مودی نے ماریشس کے اپنے ہم منصب نوین چندر رام غلام اور ان کی اہلیہ وینا رام غلام کیلئے Oversease Cittzen of India, OIC کارڈ جاری کرنے کا بھی اعلان کیا۔

S/B: PM- Mauritius

بعد میں وزیراعظم مودی ماریشش کے اپنے ہم منصب نوین چندررام غلام کے ساتھ دو طرفہ ملاقات کریں گے۔

**PM Modi Gifts Mauritius**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج پورٹ لوئس میں ماریشیس کے صدر دھرم گوکول سے ملاقات کی، جہاں دونوں رہنماؤں نے خصوصی اور قریبی دو طرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے پر اپنے نظریات کا تبادلہ کیا۔ اِس دوان وزیر اعظم مودی نے بھارت کے ثقافتی اور زرعی ورثے کی عکاسی کرنے والے کئی تحفے پیش کیے۔ اِس سے پہلے وزیر اعظم مودی آج صبح اپنے دو روزہ سرکاری دورے پر ماریشیس کے پورٹ لوئس پہنچے۔ وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے اپنے اپنے ملکوں کی مشترکہ تاریخ کو یاد کیا اور عوام سے عوام کے درمیان مضبوط موجودہ روابط کا ذکر کیا۔ اس دوران وزیر اعظم مودی نے صدر گوکول اور خاتون اوّل ورِندا گوکول کو OCI کارڈز پیش کیے۔

S/B: PM Kumbh

صدر گوکول کو پیش کیے گئے تحفوں میں اترپردیش کے پریاگ راج میں گنگا، یمنا اور سروسوتی کے سنگم پر منعقدہ مہاکمبھ کا پوتر جل بھی شامل رہا۔

اس کے علاوہ وزیر اعظم مودی نے صدر گوکول کو بہار کے مشہور مکھانے بھی پیش کیے، جو بھارت کے زرعی تنوع کی عکاسی کرتے ہیں۔ ملک کے گوناگوں قدرتی وسائل کی نمائندگی کرنے والے مکھانے کو اُس کی غذائیت کیلئے جانا جاتا ہے۔وزیر اعظم مودی نے ماریشس کی خاتون اول کو خوبصورت بنارسی ساڑی بھی تحفے کے طور پر پیش کی۔ آسائش اور ثقافتی ورثے کی علامت وارانسی کی شاہی نیلی ساڑی کو اُس کے خوبصورت ریشم اور جاذبِ نظر زری کے کام کیلئے مشہور ہے۔ ساڑی کے ساتھ گجرات کے Sadeli box کو بھی تحفے کے طور پر پیش کیا، جو قیمتی ساڑیوں اور زیورات رکھنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ساڑی اور Box مل کر بھارت کی گونا گوں ثقافت اور ٹیکسٹائل ورثے کی عکاسی کرتے ہیں۔بات چیت کے بعد صدر گوکول نے وزیر اعظم مودی کیلئے سرکاری ظہرانے کا اہتمام کیا۔ وزیر اعظم مودی نے اسٹیٹ ہاؤس میں بھارت سرکار کے اشتراک سے قائم کردہ آیوروید گارڈن کا بھی دورہ کیا۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ماریشس، آیوروید سمیت روایتی ادویات کے فائدوں کی پیش رفت میں بھارت کا اہم ساجھیدار ہے۔

اِس سے پہلے دن میں وزیر اعظم مودی نے ماریشس کے اپنے ہم منصب نوین چندر رام غلام کے ساتھ sir Seewoosagur رام غلام بوٹینکل گارڈن میں پودا لگایا، جو دونوں ملکوں کے درمیان بڑھتے تعلقات کی نشانی ہے۔

وزیر اعظم مودی کی صبح آمد پر اُنھیں وزیر اعظم رام غلام کی جانب سے گرمجوشی بھرا رسمی استقبالیہ دیا گیا۔ اس دوران بھوجپوری گیت۔ گوائی پیش کیا گیا۔

Music Bhojpuri Geet

صدر گوکول سے ملاقات سے پہلے وزیر اعظم مودی نے ماریشس کے بابائے قوم Seewoosagur رام غلام کو خراج عقیدت پیش کیا۔وزیر اعظم ماریشس کے قومی دن تقریبات میں کل مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے۔

## President AIIMS Punjab

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ڈاکٹروں اور محققین کو ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کو یقینی بنانے کیلئے اہم رول ادا کرنا ہوگا۔ آج بھٹنڈہ میں آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز AIIMS کے پہلے جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے ایمس کے ڈاکٹروں سے اپیل کی کہ وہ ایک صحت مند طرز زندگی اور کاشتکاری سے متعلق بہترین طور طریقوں کو اختیار کرنے سے متعلق بیداری پیدا کرنے کیلئے زرعی اور ماحولیاتی ماہرین کے اشتراک سے تحقیق کریں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ لوگوں کو کثرت سے منشیات کے استعمال کے سبب ہونے والے جسمانی اور ذہنی نقصان کے بارے میں باخبر کیا جانا چاہیے۔محترمہ مرمو نے روحانی اور سماجی تنظیموں کے اشتراک سے عوامی بیداری مہم شروع کرنے کی وکالت کی۔ اِس تقریب میں صدر جمہوریہ نے نئے گریجویٹ ڈاکٹروں کو تمغے اور ڈگریاں بھی تفویض کیں۔ x

## Morgan Stanley Report

بھارت عالمی تجارتی تناؤ کے باوجود ایشیا میں اقتصادی ترقی کے لحاظ سے سب سے بہتر پوزیشن والا ملک ہے۔ Morgan Stanley کی ایک رپورٹ کے مطابق بھارت کی مضبوط خدمات سے متعلق برآمدات، اشیا کی برآمدات پر کم انحصار اور معاون حکومتی پالیسیوں کو دیگر معیشتوں کے مقابلے میں اُس کی برتری کے کلیدی عوامل کے طور پر دیکھتا ہے، حالانکہ تجارتی رجحانات کی وجہ سے ایشیا کی مجموعی ترقی متاثر ہونے کا امکان ہے۔ ایسے میں بھارت، DGP میں اشیا کی اپنی کم برآمدات کی بدولت مستحکم بنا رہے گا۔ یہ عالمی تجارتی رکاوٹوں کے اثر سے محفوظ رہے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ، توقع ہے کہ بھارت کی خدمات سے متعلق برآمدات، بہتر کارکردگی کے اپنے سلسلے کو جاری رکھیں گی اور اس میں مزید ترقی ہوگی اور عالمی غیریقینی صورتحال کے دوران بھی اسے استحکام فراہم ہو رہا ہے۔رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ توقع ہے کہ بھارت میں معاون پالیسیوں کے نفاذ سے کھپت اور سرمایہ کاری میں بحالی دیکھنے کو ملے گی جو اُس کی ترقی کی رفتار کو مزید بڑھائے گی۔x

## Rev. RS Ministry of Education

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ 2014 میں نریندر مودی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد سے تعلیم کے شعبے کیلئے مختص بجٹ میں سال بہ سال مسلسل اضافہ کیا گیا ہے۔ آج راجیہ سبھا میں تعلیم کی

وزارت کے کام کاج پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ اس سال، مرکزی بجٹ میں تعلیم کیلئے ایک لاکھ 28 ہزار کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں جو گذشتہ سال کے مقابلے چھ اعشاریہ دو دو فیصد زیادہ ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اسکولی تعلیم کیلئے بھی بجٹ مختص کئے جانے میں اضافہ کیا گیا ہے اور 14-2013 میں مختص کئے گئے 52 ہزار 700 کروڑ روپئے سے بڑھا کر اِسے 26-2025 میں 78 ہزار 572 کروڑ روپئے کردیا گیا ہے۔

S/B Dharmendra Pradhan

جناب پردھان نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم پر خرچ، جو 14-2013 میں محض 26 ہزار 750 کروڑ روپئے تھا، اب بڑھ کر پچاس ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ ہوگیا ہے۔ جناب پردھان نے یہ بھی کہا کہ اس سے تعلیم کے تئیں حکومت کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔جناب پردھان نے کہا کہ خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت، صحت کی وزارت اور تعلیم کی وزارت بچوں کی جامع ابتدائی تعلیم، تغذیے اور ترقی کو یقینی بنانے کیلئے معاونت کر رہی ہیں۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ سبھی سیکنڈری اسکولوں میں انٹرنیٹ براڈ بینڈ نصب کیا جائے گا اور یہ کام بھارت نیٹ کو دیا گیا ہے۔ جناب پردھان نے مزید کہا کہ تعلیم میں AI کیلئے 500 کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت نے آئندہ پانچ برسوں میں ملک میں پچاس ہزار اٹل ٹنکرنگ لیبس کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس سال بھارتیہ بھاشا پستک یوجنا کے نفاذ کیلئے مرکزی بجٹ فراہم کیا گیا ہے، جس کے تحت نصاب کی کتابوں کو انگریزی کے ساتھ ساتھ شیڈول میں درج سبھی 22 زبانوں کیلئے ڈیجیٹائز کیا جائے گا۔ وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ نریندر مودی حکومت کی پالیسی کا ایک اہم جزو بھارتیہ تا ہے۔x

## ECI Political Parties

انتخابی کمیشن نے الیکٹورل رجسٹریشن افسران، EROs، ضلع انتخابی افسران، DEOs اور چیف انتخابی افسر، CEO کی سطح پر سبھی حل طلب مسائل کی یکسوئی کیلئے سبھی قومی اور ریاستی سیاسی جماعتوں سے 30 اپریل تک تجاویز طلب کی ہیں۔ ایک بیان میں انتخابی ادارے نے کہا کہ وہ سیاسی جماعتوں کے صدور اور سینئر اراکین کے ساتھ قانون کے مطابق انتخابی عمل کو مزید مستحکم کرنے کیلئے باہمی متفقہ وقت پر بات چیت کا ارادہ رکھتا ہے۔ گزشتہ ہفتے ECI کانفرنس میں چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے CEOs، DEOs کو ہدایت دی کہ وہ سیاسی جماعتوں کے ساتھ لگاتار بات چیت کرتے رہیں، میٹنگ میں موصول تجاویز پر موجودہ قانونی دائرے کے تحت کارروائی کریں اور انتخابی کمیشن کو 31 مارچ تک کارروائی جاتی رپورٹ پیش کریں۔x

## Govt Terror Outfits Ban

حکومت نے آج دو دہشت گرد گروپوں، عوامی ایکشن کمیٹی، AAC اور جموں وکشمیر اتحاد المسلمین، JKIM پر پابندی عائد کرنے کا اعلان کیا۔ وزارت داخلہ نے دونوں گروپوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون کے تحت غیر تنظیمیں قرار دیا ہے۔ وزارت کی جانب سے جاری کیے گئے نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ AAC اور JKIM، غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہیں، جس سے ملک کی سلامتی، سالمیت اور یکجہتی کو خطرہ لاحق ہے۔ x

## Pak Train Attack

پاکستان کے بلوچستان صوبے کے ماچھ میں آج پشاور-کوئٹہ Jaffar ایکسپریس ٹرین پر مسلح جنگجوؤں کے حملے میں 6 فوجی اہلکاروں کی موت ہوگئی اور قریب 450 سے زیادہ مسافروں کو یرغمال بنالیا گیا۔ بلوچستان حکومت کے ترجمان شاہد رِند کے حوالے سے میڈیا خبروں میں کہا گیا ہے کہ یہ ٹرین بلوچستان صوبے کے کوئٹہ سے خیبر پختونخواہ کے پشاور جا رہی تھی، جب یہ زبردست گولی باری کی زد میں آگئی اور پٹری سے اتر گئی۔

خبروں کے مطابق جنگجوؤں نے خواتین اور بچوں سمیت سینکڑوں مسافروں کو یرغمال بنالیا ہے۔ خطے میں سرگرم علیحدگی پسند جنگجو گروپ، بلوچ لبریشن آرمی، BLA نے اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ گروہ نے پاکستان کو انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی جوابی فوجی کارروائی کی صورت میں صورتحال مزید سنگین ہوجائے گی۔ مقامی میڈیا کی خبروں کے مطابق حکام، حملے کی جانچ میں مصروف ہیں۔ اِس حملے سے طویل وقت سے شورش سے متاثرہ خطے، بلوچستان صوبے میں جاری سیکیورٹی چیلنجز کی صورتحال کی نشاندہی ہوتی ہے۔ x

## Para Athletics Grand Prix

بھارت کی پہلی عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری 2025 آج نئی دلّی کے جواہر نہرو اسٹیڈیم میں شروع ہوگئی ہے۔ کھیل کود کے اِس تین روزہ پروگرام میں 90 سے زیادہ مقابلے ہوں گے جس میں پوری دنیا کے چوٹی کے پیرا ایتھلیٹس یکجا ہوں گے۔ بھارت نے 145 رُکنی ایک مضبوط دستے کو میدان میں اتارا ہے جس میں پیرا لمپک میں گولڈ حاصل کرنے والے پروین نیزہ پھینکنے میں نودیپ اور کلب تھرو میں دھرمبیر شامل ہیں۔x

## WPL Cricket

خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں ممبئی کے Bradbourne اسٹیڈیم میں دفاعی چمپئنس رائل چیلنجرس بینگلورو نے ممبئی انڈینس کی جیت کیلئے 200 رن کا نشانہ مقرر کیا ہے۔

اس سے پہلے آج ممبئی انڈینس نے ٹاس جیت کر رائل چیلنجرس بینگلورو سے بلے بازی کرنے کو کہا۔

رائل چیلنجرس بینگلورو نے مقررہ 20 اوورس میں 3 وکٹ کے نقصان پر 199 رن بنائے۔

☆☆☆☆☆☆